احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

بدھ 28 فروری 2001ء

روزنامہ
# الفضل
CPL 61
PH: 0092 4524 213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 28 فروری 2001ء 4 ذی الحج 1421 ہجری- 28- تبلیغ 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 49

## حاجیوں سے خطاب

حضرت ابوبکرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا:

تمہارے اموال اور تمہاری جانیں اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے کے لئے اسی طرح قابل عزت اور حرام ہیں جس طرح یہ دن اور یہ شہر اور یہ مہینہ لائق ادب اور حرمت والا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب العلم باب قول النبی رب مبلغ حدیث نمبر 65)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

محبت کے عالم میں انسانی روح ہر وقت اپنے محبوب کے گرد گھومتی ہے اور اس کے آستانہ کو بوسہ دیتی ہے۔ ایسا ہی خانہ کعبہ جسمانی طور پر محبان صادق کے لئے ایک نمونہ دیا گیا ہے اور خدا نے فرمایا کہ دیکھو یہ میرا گھر ہے اور یہ حجر اسود میرے آستانہ کا پتھر ہے اور ایسا حکم اس لئے دیا کہ تا انسان جسمانی طور پر اپنے ولولہ عشق اور محبت کو ظاہر کرے۔ سو حج کرنے والے حج کے مقام میں جسمانی طور پر اس گھر کے گرد گھومتے ہیں ایسی صورتیں بنا کر کہ گویا خدا کی محبت میں دیوانہ اور مست ہیں۔ زینت دور کر دیتے ہیں سر منڈوا دیتے ہیں اور مجذوبوں کی شکل بنا کر اس کے گھر کے گرد عاشقانہ طواف کرتے ہیں اور اس پتھر کو خدا کے آستانہ کا پتھر تصور کر کے بوسہ دیتے ہیں اور یہ جسمانی ولولہ روحانی تپش اور محبت کو پیدا کر دیتا ہے اور جسم اس گھر کے گرد طواف کرتا ہے اور سنگ آستانہ کو چومتا ہے اور روح اس وقت محبوب حقیقی کے گرد طواف کرتی ہے اور اس کے روحانی آستانہ کو چومتی ہے اور اس طریق میں کوئی شرک نہیں ایک دوست ایک دوست جانی کا خط پا کر بھی اس کو چومتا ہے کوئی مسلمان خانہ کعبہ کی پرستش نہیں کرتا اور نہ حجر اسود سے مرادیں مانگتا ہے بلکہ صرف خدا کا قرار دادہ ایک جسمانی نمونہ سمجھا جاتا ہے وبس۔ جس طرح ہم زمین پر سجدہ کرتے ہیں مگر وہ سجدہ زمین کے لئے نہیں ایسا ہی ہم حجر اسود کو بوسہ دیتے ہیں مگر وہ بوسہ اس پتھر کے لئے نہیں۔ پتھر تو پتھر ہے جو نہ کسی کو نفع دے سکتا ہے نہ نقصان۔ مگر اس محبوب کے ہاتھ کا ہے جس نے اس کو اپنے آستانہ کا نمونہ ٹھہرایا۔

(چشمہ معرفت روحانی خزائن جلد 23 ص 100)

## ایم ٹی اے کے عیدالاضحیہ کے پروگرام

مورخہ 6، 7، اور 8 مارچ کو ایم ٹی اے پر عیدالاضحیہ کے خصوصی پروگرام ٹیلی کاسٹ ہوں گے۔ اس موقع پر بچوں کے لئے چلڈرن کلاس 2000ء از حضور ایدہ اللہ۔ اطفال الاحمدیہ ربوہ کا عید شو۔ ناصرات الاحمدیہ ربوہ کا عید شو۔ لاہور سے پتلیوں کا تماشا۔ اس کے علاوہ کینیڈا، فرانس، جرمنی اور ماریشس کی جماعتوں کے تیار کردہ خصوصی دلچسپ اور رنگا رنگ پروگرام۔

نئی ڈاکومنٹریز (دستاویزی پروگرام) روم کے فوارے روم شہر کے آثار قدیمہ اور فواروں پر مشتمل۔ شمالی سپین کا سفر اس میں بارسلونا اور میڈرڈ کے شہروں کی سیر کرائی جائے گی۔ بیت المقدس کے تاریخی شہر کے اہم مقامات۔

اس کے علاوہ فرام دی آرکائیوز میں جلسہ سالانہ 1995ء کے موقعہ پر ہونے والا مشاعرہ ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔ عیدالاضحیہ اور حج کے بارے میں حضور ایدہ اللہ کی ملاقاتوں میں سے خصوصی ایڈیشن پیش کئے جائیں گے اس کے علاوہ متعدد دلچسپ معلوماتی اور علمی پروگرام بھی پیش ہوں گے۔

احباب کرام عید کے ایام 6-7-8 مارچ میں ایم ٹی اے دیکھنے کا خصوصی اہتمام کریں۔ اور اس روحانی مائدہ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

☆☆☆☆

## قربانی کرانے والے احباب

☆ بیرون ربوہ کے احباب جماعت جو دارالضیافت ربوہ کے ذریعہ عید کے موقع پر جانوروں کی قربانی کروانے کے خواہشمند ہوں ان کی اطلاع کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ حسب ذیل حساب سے اپنی رقم 4 مارچ 2001ء تک بھجوا دیں۔

قربانی بکرا 3500 روپے
حصہ گائے 1700 روپے

(نائب ناظر ضیافت دارالضیافت۔ ربوہ)

خدا پر خدا سے یقین آتا ہے
وہ باتوں سے ذات اپنی سمجھاتا ہے

کوئی یار سے جب لگاتا ہے دل
تو باتوں سے لذت اٹھاتا ہے دل

کہ دلدار کی بات ہے اک غذا
مگر تُو ہے منکر تجھے اس سے کیا

نہیں تجھ کو اس رہ کی کچھ بھی خبر
تُو واقف نہیں اس سے اَے بے ہنر

وہ ہے مہربان و کریم و قدیر
قسم اُس کی اس کی نہیں ہے نظیر

(درثمین)

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

## پاکستانی وقت کے مطابق

### بدھ 28 فروری 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-15am | لقاء مع العرب نمبر 162 |
| 1-25am | ایم ٹی اے ناروے |
| 2-05am | بنگالی ملاقات |
| 3-05am | ہماری کائنات |
| 3-25am | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 162 |
| 4-25am | فرانسیسی پروگرام |
| 5-05am | تلاوت-خبریں |
| 5-30am | چلڈرنز کارنر |
| 6-00am | لقاء مع العرب نمبر 162 |
| 7-15am | بنگالی ملاقات |
| 8-15am | اردو کلاس نمبر 68 |
| 9-25am | فرانسیسی پروگرام- |
| 9-55am | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 162 |
| 11-05am | تلاوت-خبریں |
| 11-40am | چلڈرنز کارنر |
| 12-10pm | سواحیلی پروگرام |
| 1-05pm | ہماری کائنات |
| 1-25pm | لقاء مع العرب نمبر 162 |
| 2-50pm | اردو کلاس نمبر 86 |
| 3-45pm | دستاویزی پروگرام |
| 4-15pm | انڈونیشین سروس |
| 5-05pm | تلاوت-خبریں |
| 5-35pm | اردو سباق |
| 6-00pm | اطفال سے ملاقات |
| 7-05pm | بنگالی سروس |
| 8-05pm | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 163 |
| 9-10pm | اردو سباق |
| 9-35pm | چلڈرنز کارنر |
| 9-55pm | جرمن سروس |
| 11-05pm | تلاوت |
| 11-15pm | اردو کلاس نمبر 87 |

### جمعرات یکم مارچ 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-30am | لقاء مع العرب نمبر 163 |
| 1-30am | ایم ٹی اے فرانس |
| 2-00am | اطفال سے ملاقات |
| 3-00am | کہکشاں |
| 3-25am | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 163 |
| 4-30am | اردو سباق |
| 5-05am | تلاوت-خبریں |
| 5-40am | چلڈرنز کارنر |
| 6-05am | لقاء مع العرب نمبر 163 |
| 7-10am | اطفال سے ملاقات |
| 8-15am | اردو کلاس نمبر 87 |
| 9-25am | اردو اسباق |
| 9-50am | ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 163 |
| 11-05am | تلاوت-خبریں |
| 11-30am | چلڈرنز کارنر |
| 11-55am | سندھی پروگرام |
| 12-50pm | تبرکات: سیرت النبیؐ پر حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب کی تقریر |
| 1-55pm | لقاء مع العرب نمبر 163 |
| 3-00pm | اردو کلاس نمبر 87 |
| 4-00pm | انڈونیشین سروس |
| 5-05pm | تلاوت-خبریں |
| 5-30pm | ترکی سیکھیے |
| 6-00pm | حضور کی مجلس سوال وجواب |
| 7-05pm | بنگالی سروس |
| 8-10pm | ہومیوپیتھی کلاس نمبر 193 |
| 9-15pm | چلڈرنز کارنر: ایم ٹی اے پاکستان کی پیشکش |
| 9-45pm | چلڈرنز کارنر |
| 9-55pm | جرمن سروس |
| 11-05pm | تلاوت- |
| 11-10pm | اردو کلاس نمبر 88 |

### جمعہ 2 مارچ 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-15am | لقاء مع العرب نمبر 164 |
| 1-20am | ایم ٹی اے انف سٹائل |
| 1-40am | تبرکات: سیرت النبیؐ |
| 2-35am | کوئز: تاریخ احمدیت |
| 3-15am | ہومیوپیتھی کلاس نمبر 193 |
| 4-25am | ترکی سیکھیے |
| 5-05am | تلاوت-درس حدیث-خبریں |
| 5-35am | چلڈرنز کارنر |
| 6-05am | لقاء مع العرب نمبر 164 |
| 7-15am | تبرکات: سیرت النبیؐ |
| 8-05am | اردو کلاس نمبر 88 |
| 9-05am | ایم ٹی اے لائف سٹائل |
| 9-25am | ترکی سیکھیے- |
| 9-55am | ہومیوپیتھی کلاس نمبر 193 |
| 11-05am | تلاوت-درس حدیث-خبریں |
| 11-40am | چلڈرنز کارنر |
| 12-10pm | کوئز: تاریخ احمدیت |
| 12-50pm | سرائیکی پروگرام |
| 1-55pm | لقاء مع العرب نمبر 164 |
| 2-55pm | اردو کلاس نمبر 88 |
| 3-55pm | انڈونیشین سروس |
| 4-30pm | بنگالی سروس |
| 5-05pm | تلاوت-درس ملفوظات- |
| 5-35pm | خبریں-درود شریف- |
| 6-00pm | خطبہ جمعہ (لندن سے براہ راست) |
| 7-00pm | دستاویزی پروگرام |
| 7-25pm | مجلس عرفان |
| 8-15pm | لجنہ میگزین |
| 8-55pm | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 9-25pm | چلڈرنز کارنر |
| 9-55pm | جرمن سروس |
| 11-05pm | تلاوت-درس حدیث |
| 11-25pm | اردو کلاس نمبر 89 |

### ہفتہ 3 مارچ 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-15am | لقاء مع العرب نمبر 165 |
| 1-20am | انٹرویو |
| 2-05am | دستاویزی پروگرام |
| 2-30am | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 3-30am | کوئز: اسلامی اصول کی فلاسفی |
| 4-05am | حضور کی مجلس عرفان |
| 5-05am | تلاوت-خبریں |
| 5-40am | چلڈرنز کارنر |
| 6-10am | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 7-10am | لقاء مع العرب نمبر 165 |
| 8-20am | اردو کلاس نمبر 89 |
| 9-20am | کمپیوٹر سب کے لئے |
| 9-50am | مجلس عرفان |
| 11-05am | تلاوت-درس حدیث-خبریں |
| 11-50am | چلڈرنز کلاس نمبر 40 |
| 12-20pm | ایم ٹی اے ماریشس |
| 12-45pm | ہفتہ وار جائزہ |
| 1-05pm | ملک صلاح الدین صاحب سے انٹرویو |
| 1-40pm | لقاء مع العرب نمبر 165 |
| 2-45pm | اردو کلاس نمبر 89 |
| 4-00pm | انڈونیشین سروس |
| 5-05pm | تلاوت-خبریں |
| 5-40pm | کمپیوٹر سب کے لئے |
| 6-10pm | جرمن ملاقات |
| 7-10pm | بنگالی سروس |
| 8-10pm | کوئز: خطبات امام |
| 8-45pm | ہفتہ وار جائزہ |
| 9-00pm | چلڈرنز کلاس |
| 10-00pm | جرمن سروس |
| 11-05pm | تلاوت - درس حدیث |
| 11-20pm | اردو کلاس نمبر 90 |

پبلشر آغا سیف اللہ- پرنٹر قاضی منیر احمد) مطبع ضیاء الاسلام پریس- مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے- سالانہ 900 روپے

# معدے کی تکالیف' السر وغیرہ کا علاج

# (DISEASES OF STOMACH & ULCER)

## سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی کتاب ''ہومیوپیتھی علاج بالمثل'' سے اقتباسات

### ABSINTHIUM ابسنتھیم

اس دوا میں معدے کی علامتیں بھی نمایاں ہیں بھوک نہیں لگتی' غذا ہضم نہیں ہوتی۔ ڈکار۔ متلی۔ قے معدے میں اپھارہ اور ہوا کا سخت زور۔ (ص 6)

### ایسٹیک ایسڈ ACETIC ACIDUM

ایسٹیک ایسڈ معدے کے کینسر میں مفید دوا سمجھی جاتی ہے۔ پیٹ میں شدید کاٹنے والا درد ہوتا ہے شدید پیاس۔ قے کا رجحان اور جلن پائی جاتی ہے (ص 7)

### ایسکولس ہپ AESCULUS HIP

اس دوا میں کھانا کھانے کے بعد مسلسل بے چینی جلن اور ایسا احساس رہتا ہے جیسے ابھی قے آنے والی ہے۔ نظام ہضم میں کمزوری واقع ہو جاتی ہے۔ معدے میں پتھر کا سا بوجھ۔ کھانا کھٹاس میں تبدیل ہو جاتا ہے اور کھٹی ڈکاریں آنے لگتی ہیں منہ کا ذائقہ دھات کی طرح کسیلا۔ لعاب لیس دار زبان پر سفید یا زرد سوئی تہہ اور منہ میں تھوک کی زیادتی اس دوا کی نمایاں علامتیں ہیں۔ (ص 23)

### AETHUSA ایتھوزا

پیٹ میں شدید مروڑ اٹھتے ہیں اسہال کے علاوہ بار بار پھٹے دودھ کی قے کا رجحان بھی ملتا ہے۔ (ص 25)

### ALUMINA الیومینا

الیومینا میں معدہ جواب دے جاتا ہے بھوک بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ گوشت سے نفرت ہو جاتی ہے ناقابل ہضم چیزیں مثلاً مٹی کوئلہ وغیرہ کھانے کی خواہش کے ساتھ معدہ میں سوزش اور تشنج۔ کسی چیز کا ذائقہ ٹھیک نہیں رہتا کھٹے ڈکار آتے ہیں الیومینا ان سب علامات میں مفید ثابت ہو سکتی ہے یہ معدہ کی عارضی بیماریوں مثلاً تیزابیت وغیرہ اور مزمن بیماریوں میں بھی کام آتی ہے (ص 51)

### اینٹی مونیم کروڈ ANTIMONIUM CRUD

اس کی سب سے نمایاں علامت معدے کے نظام کا درہم برہم ہو جانا ہے زبان پر سفید میل کی موٹی سی تہہ جم جاتی ہے۔ وہ مریض جو بے تحاشا کھاتے ہیں اور ہر وقت کھاتے چلے جاتے ہیں بیماریوں کے حملے سے پہلے ناقابل برداشت بھوک کا دورہ پڑتا ہے پھر اچانک جب معدہ جواب دے جائے تو اس وقت زبان پر سفید میل کی موٹی سی تہہ جم جاتی ہے (ص 65)

### APIS ایپس

پیٹ کی تکلیفوں میں ہوا کے تناؤ میں ایپس فوری فائدہ دیتی ہے لیکن انتڑیوں کی بعض مزمن تکلیفوں میں لمبے عرصے تک اسے استعمال کروانا پڑتا ہے۔ (ص 70)

### ارجنٹم نائیٹریکم ARGENTUM NITRICUM

اس دوائی میں کسی امتحان یا کسی اہم ملاقات سے پہلے خوف سے اسہال شروع ہو جاتے ہیں بعض لوگ ایسی کیفیت میں مضطرب ہو جاتے ہیں اور انہیں سخت غصہ آتا ہے۔ ارجنٹم نائیٹریکم میں غیر معمولی ذہنی تھکاوٹ اور معدہ کی تیزابیت کی وجہ سے یادداشت متاثر ہوتی ہے۔ (ص 78)

اس دوا کے مریض کو معدے میں پرانے السر ہوں تو جسم میں خون کی کمی ہو جاتی ہے میٹھا کھانے کی شدید خواہش پیدا ہوتی ہے۔ اس کے کھانے سے معدے کا نظام بگڑ جاتا ہے۔ ارجنٹم نائیٹریکم کے مریض کو میٹھا موافق نہیں آتا۔ اگر میٹھے کی خواہش کے ساتھ پیٹ میں ہوا اور تناؤ بھی ہو تو اس دوا کی نمایاں علامت ہے (ص 80)

### آرسینک آئیوڈائیڈ ARSENIC IODIDE

معدے میں شدید درد ہوتا ہے جسے کولوسنتھ کی طرح آگے جھکنے سے آرام آتا ہے سخت سوزش پیدا کرنے والے اسہال جو صبح کے وقت شروع ہوتے ہیں۔ معدہ ہوا سے بھرا رہتا ہے بھوک بہت لگتی ہے مگر کھانا جسم کو نہیں لگتا۔ (ص 103)

### ایسافیٹیڈا ASAFOETIDA

معدہ اور خوراک کی نالی کے تشنج میں مفید ہے۔ (ص 109)

### BARYTA CARB برائیٹا کارب

برائیٹا کارب میں اجابت باہم جڑی ہوئی گٹھلیوں کی شکل میں اور سخت ہوتی ہے اور نکس وامیکا کی طرح یہ احساس رہتا ہے کہ کھل کر اجابت نہیں ہوئی پیٹ میں درد بھی ہوتا ہے۔ (ص 130)

### بنزوئیک ایسڈ BENZOICUM ACID

بنزوئیک ایسڈ میں کھانا کھاتے ہوئے پسینہ آتا ہے۔ معدہ میں سختی اور دباؤ کا احساس جگر کے مقام پر چبھن اور درد (ص 146)

معدہ میں السر یا ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے درد ہوتا ہے لیکن بعض اوقات معدہ میں گاؤٹ کی وجہ سے بھی درد ہوتا ہے۔ (ص 147)

### BOREX بوریکس

بوریکس کے مریضوں کا معدہ خراب ہو تو زیادہ ہوا پیدا ہونے کے علاوہ قے کا رجحان ہوتا ہے ایک دفعہ شروع ہو جائے تو رکنے میں نہیں آتی۔ سبزی مائل کھٹا مواد خارج ہوتا ہے۔ (ص 156)

### BROMIUM برومیم

اس کے مریضوں میں معدے کے زخم عام پائے جاتے ہیں۔ اگر پسی ہوئی کافی کے رنگ کی الٹیاں آئیں اور معدے میں السر ہو اور گٹھلیوں کا بھی رجحان ہو تو اس صورت میں برومیم بہت مفید ہے بلکہ یہ معدے کے کینسر کی بھی بہت اہم دوا ہے۔ (ص 159)

### CACTUS کیکٹس

معدہ میں بھی سکڑن اور دھڑکن۔ بوجھل پن کا احساس خون کی قے آنے کا احتمال اجابت سخت اور کالے رنگ کی ہوتی ہے۔ (ص 180)

### کیڈمیم سلف CADMIUM SULPH

معدہ میں کیڈمیم سلف کا اثر آرسینک کی طرح ہوتا ہے۔ معدہ میں بے چینی ہوتی ہے۔ بعض مریض اس بے چینی کی وجہ سے سو بھی نہیں سکتے کیڈمیم ایسی بے چینی کی اچھی دوا ہے۔ اس کا آرسینک سے ایک فرق یہ بھی ہے آرسینک کا مریض بے چینی سے کروٹ بدلتا ہے اور ایک حالت میں نہیں رہ سکتا جبکہ کیڈمیم سلف کا مریض حرکت سے تکلیف محسوس کرتا ہے اس کی کاہلی اور سستی بے چینی پر غالب آ جاتی ہے اور وہ کوئی بھی

حرکت پسند نہیں کرتا-(ص 181)

کیڈمیم سلف معدہ کیلئے بھی بہت مفید ہے- اگر معدہ بالکل جواب دے جائے کوئی چیز ہضم نہ ہو خوراک معدہ میں ہی گلنے سڑنے لگے- گندے بدبودار ڈکار اور شدید متلی اور ابکائیاں آئیں تو یہ دوا بہت موثر ثابت ہوتی ہے- یہ کینسر (Cancer) میں بھی مفید ہے لیکن شفا نہیں دیتی صرف تسکین بخش سکتی ہے اور تکلیف کو کم کرتی ہے-(ص 183)

### کلکیریا آرس
### CALCAREA ARS

اعصابی دباؤ اور معدے کا تیزاب مل کر بعض دفعہ سخت کمزوری پیدا کر دیتے ہیں یہاں تک کہ انگلی ہلانا بھی مشکل ہو جاتا ہے-(ص 188)

### کلکیریا کارب
### CALCAREA CARB

کلکیریا کارب کے مریضوں میں انڈا کھانے کی شدید خواہش ہوتی ہے- علاوہ ازیں بچے ایسی چیزیں بھی کھاتا ہے جو ہضم نہیں ہوتی- مثلاً مٹی کاغذ وغیرہ اکثر ایسے بچے مستقل بدہضمی کا شکار ہو جاتے ہیں-(ص 197)

### کلکیریا فاس
### CALCAREA PHOS

پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے اور مروڑ اٹھتے ہیں سخت اجابت کے بعد خون بھی آنے لگتا ہے-(ص 207)

### CAMPHORA کیمفر

قے کے بعد معدے میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے اگر متلی اور قے نہ ہو تو جسم برف کی طرح ٹھنڈا ہوتا ہے غذا کا ذائقہ کڑوا محسوس ہوتا ہے-(ص 220)

### CANTHARIS کینتھرس

کینتھرس میں پیٹ ہوا سے تن جاتا ہے- معدہ اور خوراک کی نالی میں جلن ہوتی ہے اور سخت پیاس لگتی ہے-(ص 231)

### CAPSICUM کیپسیکم

کیپسیکم میں کھانے کے بعد معدہ کی جلن نمایاں ہو جاتی ہے-(ص 234)

### کاربوانیملس
### CARBO ANIMALIS

اس دوا کے مریض کو معدے میں شدید کمزوری اور خالی پن کا احساس ہوتا ہے- کھانے کے بعد تھکن اور کمزوری- وزن اٹھانے اور محنت مشقت سے بھی سخت کمزوری محسوس ہوتی ہے- کولہوں اور کلائیوں میں درد ہوتا ہے-(ص 238)

### CAR BOVEG کاربوویج

معدہ میں ہوا کا دباؤ اوپر کی طرف ہو تو اس میں بھی کاربوویج اچھی دوا ہے- اس دوا میں ہوا سارے پیٹ میں نہیں بلکہ ایک حصہ میں اوپر کی طرف دباؤ ڈالتی ہے جس میں تعفن بھی پایا جاتا ہے-(ص 243) معدے کے زخموں کے لئے بھی ایک مفید دوا ہے(ص 247)

### کاربالک ایسڈ
### CARBOLIC ACID

بھوک غائب ہو جاتی ہے- ہوا سے پیٹ میں تناؤ محسوس ہوتا ہے پیٹ کے ایک خاص حصہ میں ہوا کا غیر معمولی زور کاربالک ایسڈ کی خاص علامت ہے-(ص 249) اس کے مریض کے منہ کا مزہ بگڑ جاتا ہے- پیاس مٹ جاتی ہے بھوک کم ہو جاتی ہے-(ص 250)

### کارڈس میریانس
### CARDUS MARIANUS

اس دوائی میں معدے کی علامتیں بھی ملتی ہیں- کیونکہ جگر خراب ہو تو معدہ ضرور متاثر ہوتا ہے منہ کا مزہ کڑوا ہو جاتا ہے یا پھیکا اور بدمزہ زبان گندی ہو جاتی ہے کھانے کی خواہش مٹ جاتی ہے معدے کی خرابی سے پیدا ہونے والی بدبو بھی آتی ہے- اگر معدے میں یہ احساس ہو کہ درد بائیں سے دائیں طرف حرکت کر رہا ہے تو یہ بھی کارڈس میریانس کی علامت ہے-(ص 259)

### CHAMOMILLA کیمومیلا

کیمومیلا کے پیٹ درد میں مریض تکلیف کی شدت سے دوہرا ہو جاتا ہے- یہ علامت کالوسنتھ میں بھی پائی جاتی ہے- درد ناقابل برداشت ہوتا ہے- ناف اور جگر کے مقام پر درد ہوتا ہے شدید غصہ کے دورہ کے بعد پیٹ میں تشنجی کیفیت پیدا ہوتی ہے بدبودار ڈکار آتے ہیں- گرم اشیاء سے نفرت ہو جاتی ہے- زبان کا رنگ زردی مائل منہ کا مزہ کڑوا ہو ہے- اگر قے آئے تو وہ بھی کڑوی ہوتی ہے- پیٹ میں بہت بوجھ محسوس ہوتا ہے- یہ سب کیمومیلا کی علامات ہیں-(ص 272)

### چیلی ڈونیم
### CHELI DONIUM

معدہ کا درد کمر تک پھیل جاتا ہے کھانا کھانے سے وقتی طور پر معدہ کی تکلیفوں میں آرام محسوس ہوتا ہے گرم خوراک اور گرم پانی مرغوب ہوتا ہے- خصوصاً گرم دودھ پینے کی خواہش ہوتی ہے-(ص 276)

### سیکوٹا وروسا
### CICUTA VIROSA

گلا خشک- غذا کی نالی میں تشنجی کیفیت- سخت پیاس جلن ہچکی ریاح پیٹ میں اپھارہ بھی اس دوا کی علامات ہیں(ص 294)

### CHINA چائنا

نظام ہضم سست پڑ جاتا ہے پھل اور کھٹی چیزیں کھانے سے معدے میں درد ہوتا ہے کھانا ہضم نہیں ہوتا پیٹ پھول جاتا ہے-(ص 300) چائنا میں عموماً پیٹ کی ہوا میں بدبو نہیں ہوتی- اور سارا پیٹ ہوا سے تن جاتا ہے- منہ کا مزہ کڑوا خوراک بھی کڑوی یا ضرورت سے زیادہ نمکین لگتی ہے جس کی وجہ سے مریض خوراک سے نفرت کرتا ہے دودھ پینے سے بھی معدہ خراب ہو جاتا ہے-(ص 301)

### سسٹس
### CISTUS CANADENSIS

کھانا کھانے سے قبل اور بعد معدہ اور تمام پیٹ میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے پنیر کھانے کی خواہش ہوتی ہے- پتلے اور زور دار دست لگ جاتے ہیں جو عموماً صبح کے وقت زیادہ آتے ہیں مریض کا دل تیز مصالحے دار چیزیں کھانے کو چاہتا ہے خصوصاً عورتوں کا-(ص 305)

### COCCULUS کاکولس

کاکولس میں پیٹ درد کا دورہ شدید ہوتا ہے معدہ میں اینٹھن اور مروڑ اٹھتے ہیں درد سے بعض اوقات سانس لینے میں دقت ہوتی ہے- کئی عورتیں تکلیف کی شدت سے بے ہوش ہو جاتی ہیں- کھانے سے نفرت ہو جاتی ہے اور بھوک کا احساس ختم ہو جاتا ہے-(ص 310) اس دوا میں منہ کا ذائقہ دھات کی طرح کا ہوتا ہے جس میں ہلکی سی تیزابیت پائی جاتی ہے- معدہ میں کھٹاس متلی- قے کا رجحان پایا جاتا ہے-(ص 311)

### COLCHICUM کالچیکم

معدے کی تکلیفوں میں اکثر زبان جلتی ہے- منہ خشک اور پیاس بہت لگتی ہے- کھانے کی بو سے خصوصاً مچھلی پکنے کی بو سے بعض دفعہ متلی اتنی شدید ہوتی ہے- کہ مریض بے ہوش ہو جاتا ہے- یا تو معدے میں سخت گرمی محسوس ہوتی ہے یا سخت سردی- انتریوں کے تشنج کی وجہ سے پیٹ ہوا سے ایسا تن جاتا ہے کہ کم ہی ایسا تناؤ دوسری دواؤں میں دکھائی دے گا یہ انتریوں کا تشنج اور اس کے نتیجہ میں ہوا کا بڑھتا ہوا دباؤ عرف عام میں اپھارہ کہلاتا ہے- اس قسم کا اپھارہ مویشیوں میں بھی ملتا ہے- اس سے ملتا جلتا اپھارہ انسانوں میں بھی ملے تو کالچیکم کی چند گولیاں جادو کا اثر دکھاتی ہیں اور مویشیوں کے اپھارہ میں بھی کالچیکم بہت مفید ہے-(ص 320)

### COLOCYNTHIS کالوسنتھ

سخت پیٹ درد وغیرہ میں بہت مفید ہے- پیٹ کا درد اتنا شدید ہوتا ہے کہ مریض ایک لحہ کے لئے بھی چین سے نہیں بیٹھ سکتا- درد کی شدت سے دھرا ہوتا ہے اور آگے جھکتا ہے چونکہ دباؤ سے آرام آتا ہے- اس لئے مریض ماؤف حصے کو دباتا ہے اور آگے جھکنے سے سکون محسوس کرتا ہے- دباؤ اور گرمی سے کچھ آرام ملتا ہے- میگنیشیا فاس کا بھی یہی مزاج ہے- اس لئے میں کولوسنتھ کو میگنیشیا فاس سے ملا کر ہنگامی بیماریوں میں استعمال کرتا ہوں اللہ کے فضل سے جلد آرام آ جاتا ہے-(ص 323)

### CONIUM کونیم

معدے کے کینسر میں کونیم کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے- مگر وہاں مشکل یہ پڑتی ہے کہ جب تک کینسر نہ بن جائے معدہ میں پیدا ہونے والا کوئی درد کونیم کی نشاندہی نہیں کرتا- اگر دیر ہو جائے تو کونیم صرف وقتی آرام دیتی ہے اس کے دینے سے زندگی نسبتاً آسان ہو جاتی ہے(ص 326) بعض دفعہ پیٹ میں ایسے درد کی لہریں دوڑتی ہیں جیسے چاقو سے کاٹا جا رہا ہے-(ص 326)

جاری ہے

عطیۂ خون
خدمت بھی ثواب بھی

محمد شفیع خان صاحب ایڈووکیٹ

# محترم میاں عبدالرحیم احمد صاحب

## نیک سیرت اور اخلاق فاضلہ سے مزین ایک منفرد شخصیت

محترم میاں عبدالرحیم احمد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے حضرت مسیح موعود کی پوتی اور حضرت مصلح موعود کی بیٹی سے شادی کی سعادت نصیب فرمائی یہی بابرکت رشتہ آپ کی پہچان ہے۔ اسی حوالے سے آپ احباب جماعت کے لئے نہایت محترم اور باعزت ہیں۔ آپ کا انتقال 17 جون 2000ء کو ہوا۔

جب کبھی میاں صاحب سے راستے میں ملاقات ہوتی میں شرف ملاقات ضرور حاصل کرلیتا۔ میں آپ کی خاموش طبیعت اور انکساری سے بہت متاثر تھا۔ آپ کے مزاج میں بلا کی حلیمی اور بے پناہ شفقت کے جذبات ہردم عیاں رہتے تھے۔ یہاں تک تو میرا محترم میاں صاحب سے تعلق محض جماعتی سطح تک رہا۔ لیکن جماعتی تعلق سے ہٹ کر میرا آپ سے براہ راست تعلق قریباً 35 برس قبل قائم ہوا۔

ہوا یوں کہ میں نے محترم میاں صاحب کو متعدد بار ایک دفتر میں تشریف لاتے دیکھا۔ اس دوران میں میاں صاحب سے مصافحہ کرکے دعا کا طلب گار بھی ہوتا رہا۔ میاں صاحب نہیں جانتے تھے کہ میں کون ہوں۔ پھر ایک بار آپ تشریف لائے آپ نے اپنی گاڑی دفتر کے باہر پارک کی جس میں آپ کے اہل و عیال بھی تھے۔ دفتر کے مین گیٹ سے میں بھی اسی وقت دفتر کی حدود میں داخل ہو رہا تھا۔ میں نے حسب معمول محترم میاں صاحب سے مصافحہ کیا۔ اور چلتے چلتے اپنا تعارف کرایا۔ میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ مجھے بتائیں کہ آپ کس کام سے بار بار تکلیف اٹھا کر اس دفتر میں تشریف لاتے ہیں۔ میں اسی دفتر میں ملازم ہوں اگر یہاں کا کوئی کام ہے تو مجھے ارشاد فرمادیں میں کام مکمل کرکے آپ کو از خود اطلاع کردونگا اور پھر آپ کو یہاں آنے کی زحمت نہیں اٹھانا پڑے گی۔ میں خدا کے فضل سے احمدی ہوں اور خاندان مسیح موعود کا ادنیٰ غلام ہوں میرے لئے اس سے بڑھ کر اور کیا سعادت ہوگی کہ میں آپ کے کسی کام آسکوں! آپ بہت خوش ہوئے مجھے ڈھیروں دعائیں دیں اور اپنے کام کے کاغذات میرے حوالے کرکے خود وہیں سے واپس تشریف لے گئے۔

چند یوم بعد ہی کام مکمل ہوگیا۔ جس کی اطلاع میں نے از خود آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر دی۔ اس وقت آپ تحریک جدید میں وکیل الدیوان تھے۔ آپ نے مجھے بہت سی دعاؤں سے نوازا۔ بڑی شفقت سے پیش آئے۔ میرے لئے آپکی شفقت اور آپکی محبت گراں قدر تھی۔

چند یوم بعد آپ میرے دفتر تشریف لائے۔ گاڑی دفتر کے باہر کھڑی کی اپنا خادم بھیج کر مجھے باہر بلوایا۔ فرمانے لگے مجھے آج یہاں کوئی کام نہیں صرف تمہارا شکریہ ادا کرنے آیا ہوں۔ میں نے عرض کیا میاں صاحب آپ نے جماعت احمدیہ کے لئے اپنی پوری زندگی وقف کر رکھی ہے۔ میں نے تو یہ ادنیٰ سی خدمت آپ کی کی ہے پھر یہ آپ کا جائز کام تھا جو آج نہیں تو کل ہونا ہی تھا۔ اس میں شکریہ کی کونسی بات ہے۔ فرمانے لگے تم نے میرا کام کیا ہے اس لئے مجھے تمہارا شکریہ ادا کرنا چاہئے آپ کی بیگم صاحبہ ہماری گفتگو سن رہی تھیں۔ آپ نے مجھے آواز دیکر گاڑی کے قریب بلوایا اور استفسار فرمایا۔ تمہارا نام کیا ہے؟ تم کس کے بیٹے ہو؟ میں نے عرض کیا میرا نام شفیع ہے میں محترم محمد شہزاد خان صاحب مولوی فاضل مرحوم کا بیٹا ہوں۔ یہ سن کر محترمہ بیگم صاحبہ نے فرمایا اچھا تو تم زینب کے بیٹے اور عائشہ پٹھانی کے نواسے ہو۔ میں نے اثبات میں سر ہلایا۔ پھر محترمہ بیگم صاحبہ نے میاں صاحب سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ میاں صاحب..... شفیع تو میرا بھانجا ہے۔ زینب اس کی والدہ میری رضاعی بہن ہے۔ میں نے اس کی نانی عائشہ پٹھانی کا دودھ پیا ہے۔ اسنے کونسا کسی غیر کا کام کیا ہے۔ اپنی خالہ کا کام کیا ہے۔ بیگم صاحبہ کی بات سن کر آپ کا چہرہ خوشی سے تمتما اٹھا آپ نے مجھے سینے سے لگا کر دست شفقت سے نوازا اور بہت سے دعائیں دیں۔ اور بیگم صاحبہ سے فرمایا۔ تمہاری بات ٹھیک ہے لیکن نبی کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جو بندوں کا شکر گزار نہیں وہ اللہ تبارک تعالیٰ کا بھی شکر گزار نہیں۔ کیا میں اس حدیث نبویؐ پر عمل نہ کروں۔

یہ میرا محترم میاں صاحب سے پہلا قریبی تعلق تھا جو آخر تک قائم رہا۔ میں جب بھی ربوہ جاتا محترم میاں صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر سلام عرض کرتا۔ آپ مجھے نہایت شفقت سے قریب بٹھا کر میرا حال پوچھتے اور پھر دعاؤں سے نوازتے۔ میں جب بھی دعا کے لئے عرض کرتا تو جواب میں آپ فرماتے.... تم نے میرا کام کیا ہے میں کیسے تمہیں بھلا سکتا ہوں۔ متعدد بار آپ سے بیت اقصیٰ میں جمعۃ المبارک کی نماز کے بعد ملاقات ہوئی اور راستے میں چلتے چلتے بھی کئی بار شرف ملاقات حاصل ہوا۔ باوجود بسیار کوشش کے ہمیشہ آپ نے سلام کہنے میں پہل کی۔ آپ دل کے اس قدر نرم اور اخلاق فاضلہ سے مزین تھے کہ ملنے پر اس قدر خوشی کا اظہار فرماتے کہ آپ کا مبارک ہاتھ مصافحہ کے بعد چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا تھا۔

میں نے محترم میاں صاحب کو ان 25 برسوں میں بہت قریب سے دیکھا۔ وہ نہایت نرم دل رکھنے والے میٹھا اور دھیما بولنے والے یکتا انسان تھے۔ نظریں ہمیشہ نیچی رکھتے۔ باوقار طریقہ سے آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے۔ نہایت دعاگو۔ نیک فطرت عاجز انسان تھے۔ انتظامی امور میں بلا کے ذہین اور فہم و فراست کے مالک تھے اللہ تبارک تعالیٰ نے آپ کو بے شمار خوبیوں سے نوازا تھا۔ شاید آپکی انتظامی صلاحیتوں کے اعتراف کے طور پر ہی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آپ کو سندھ میں بطور لوکل ایجنٹ۔ ایم۔این سنڈیکیٹ کی اہم ذمہ داریاں سونپیں جسے آپ نے دس برس تک نہایت محنت اور لگن سے احسن طور پر نبھایا۔

یوں تو بہت سے روح پرور واقعات ہیں جو ایمان افروز ہونے کے ساتھ ساتھ جماعت احمدیہ سے آپ کے گہرے روحانی تعلق کا ثبوت ہیں۔ لیکن یہاں صرف ایک واقعہ بیان کرنے پر میں اکتفاء کرتا ہوں۔ اس واقعہ سے محترم میاں صاحب کی جماعتی کاموں میں بے حد لگن انتظامی امور میں دسترس۔ نیکی کا اعلیٰ معیار۔ اخلاق فاضلہ کی نمایاں جھلک نیز بصیرت اور فہم و فراست کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

ایک بار جب آپ لنگر خانہ نمبر1 کے انچارج تھے مجھے آپ سے ملنے کا موقعہ ملا۔ کافی رات ہو چکی تھی جلسے کا دوسرا دن تھا۔ اندازے سے کہیں زیادہ مہمانوں کی آمد کی وجہ سے مہمانوں کے لئے کھانا کم پڑ گیا تھا لہٰذا ہنگامی بنیادوں پر تمام لنگروں میں کھانا تیار کیا جا رہا تھا۔ لنگر خانہ نمبر1 کے مین گیٹ پر معاونین کا بہت رش تھا جو کھانا حاصل کرنے کے لئے لنگر خانہ کے اندر داخل ہونا چاہتے تھے اور منتظمین انہیں بمشکل کنٹرول کر رہے تھے۔ میں بھی اس ہجوم میں اپنے ایک غیر از جماعت دوست کے ساتھ کھڑا تھا۔ میرا یہ دوست جماعتی نظام کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا خواہاں تھا کہ لاکھوں مہمانوں کے کھانے کا انتظام جماعت کیسے کرتی ہے اسی غرض سے میں اسے یہ لنگر خانہ اندر سے دکھانا چاہتا تھا۔ میرے علم میں نہیں تھا کہ محترم میاں صاحب اس لنگر خانہ کے انچارج ہیں۔ یکایک میاں صاحب گیٹ پر تشریف لائے اور حاضرین سے مخاطب ہو کر فرمایا کھانا تیار ہونے میں بس تھوڑی ہی دیر ہے۔ جونہی کھانا تیار ہو جائے گا کھڑکیاں کھانا تقسیم کرنے کے لئے کھل جائیں گی۔ کھانا سب کو کھڑکی سے اپنی باری پر ہی ملے گا۔ اسلئے جو دوست لنگر خانہ کے اندر کھانا حاصل کرنے کے لئے آنا چاہتے ہیں انہیں چاہئے کہ نظام کی پابندی کریں۔ آپ کی نصیحت سن کر لوگ گیٹ سے ہٹ گئے۔ میں گیٹ سے تھوڑی دور کھڑا تھا اتنے میں ایک کارکن میرے پاس آیا۔ اسنے مجھے کہا کہ تمہیں گیٹ پر افسر لنگر خانہ محترم میاں صاحب بلا رہے ہیں۔ میں میاں صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میاں صاحب نہایت خندہ پیشانی سے پیش آئے۔ دریافت فرمایا کیسے آئے ہو۔ میں نے عرض کیا غیر از جماعت دوست ہمراہ ہے اسے جماعتی نظام سے متعارف کروانے کے لئے لنگر خانہ دکھانا چاہتا ہوں۔ آپ ہمیں لنگر خانہ کے احاطہ میں لے گئے۔ ہمیں سارا لنگر خانہ پھرایا۔ ساتھ ساتھ بتاتے بھی گئے کہ کتنی دیگوں میں گوشت آلو پک رہے ہیں۔ کتنی دیگیں دال کی ہیں۔ سینکڑوں دیگیں بیک وقت پک رہی تھیں۔ سینکڑوں تنور دہک رہے تھے جن پر نانبائی روٹیاں لگانے میں نہایت تیزی کے ساتھ مصروف تھے۔ آپ نے ہماری موجودگی میں ایک ایک کرکے بہت سی دیگیں چیک کیں۔ اور پھر باورچی کو ضروری ہدایات دیں۔ کسی میں نمک کم تھا تو کسی میں مرچ تیز تھی اور کسی میں ابھی گوشت نہیں گلا تھا اسے مزید پکانے کی ضرورت تھی۔

الغرض تقریباً پونے دو گھنٹے تک مسلسل محترم میاں صاحب لنگر خانہ میں کام کی نگرانی کرتے رہے۔ آپ کا لہجہ کارکنوں سے نہایت دھیما اور مشفقانہ تھا۔ آپ ہر کارکن کو احترام اور وقار سے نوازتے یوں گمان ہوتا جیسے کارکن میاں صاحب پر کوئی احسان کر رہے ہیں۔ پھر اپنے دفتر میں تشریف فرما ہو گئے۔ فرمانے لگے۔ افسر لنگر خانہ کی ذمہ داریاں۔ معاون۔ منتظم یا کسی بھی دوسرے کارکن سے زیادہ ہوتی ہیں۔ معاون یا منتظم تو صرف اپنے شعبہ کی حد تک ذمہ دار ہوتا ہے جبکہ افسر تمام کارکنان اور منتظمین کے کام کا ذمہ دار اور جواب دہ ہوتا ہے۔ پھر فرمایا یہ اللہ تبارک تعالیٰ کا قائم کردہ نظام ہے اس لئے ہم نہ صرف اپنی جماعتی انتظامیہ کے سامنے جوابدہ ہیں بلکہ ہم نے اللہ تبارک کے حضور میں بھی جواب دینا ہے کہ ہم نے اس کی عطا کردہ

بقیہ صفحہ 7

ملک میں قانون کی بالادستی ہرصورت میں قائم کی جائے گی۔

## حکومت سے جواب طلب کرلیا گیا عالمی سطح

پر توجہ کا مرکز بننے والے بے نظیر بھٹو اور آصف علی زرداری کو ہائی کورٹ کے احتساب بنچ کی طرف سے ملنے والی سزا کے خلاف سپریم کورٹ کے 7 رکنی لارجر بنچ میں اپیل کی سماعت شروع ہوگئی۔ فاضل عدالت عظمیٰ کے بنچ کی سربراہی سینیئر جج جسٹس بشیر جہانگیری کر رہے ہیں۔ اپیل کنندگان کے وکیل بھٹو دور کے وزیر قانون عبدالحفیظ پیرزادہ نے چار درخواستیں پیش کیں جن میں کہا گیا کہ برطانوی اخبار کی انکشاف کردہ آڈیو کیسٹ طلب کی جائے' آصف زرداری کو عدالت میں پیش کیا جائے۔ سوئٹزرلینڈ کے گواہ کو بلایا جائے اور غیر ملکی قانون دانوں کی آراء ریکارڈ کا حصہ بنائی جائیں۔ فاضل عدالت نے ٹیپ کے معاملے پر حکومت سے جواب طلب کرلیا اس کے علاوہ حکومت سے بے نظیر بھٹو کے خلاف عدالتی کارروائی' جنیوا کے وکیل کی گواہی ریکارڈ نہ کرنے اور زرداری کو سپریم کورٹ میں لانے کی وضاحت طلب کر لی گئی۔ پیرزادہ نے کہا کہ جسٹس قیوم جج کے فیصلے کی بنیاد پر حالیہ فیصلہ کیا گیا ہے اس کی ساکھ مشکوک ہے۔ اس کی بنیاد پر سزا نہیں سنائی جاسکتی۔

## مجھے اور بے نظیر کو کوئی نہیں روک سکتا سابق

وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ مجھے اور بے نظیر بھٹو کو واپس آنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔

## 35 لاکھ سر کی قیمت والا گرفتار لشکر جھنگوی کے

ایک رکن دہشت گرد عبدالغفار کو گرفتار کرلیا گیا اس کے سر کی قیمت حکومت نے 35 لاکھ مقرر کر رکھی تھی۔


لاہور میں احمدی بھائیوں کا اپنا پریس

سلور لنک پرنٹرز

کتب وزٹنگ کارڈ
لیٹرپیڈ۔ بروشرز
شادی کارڈز کیلنڈرز

کلرفل ڈیزائننگ نیز ہر زبان میں کمپوزنگ کی سہولت موجود

بیرون ملک مقیم احمدی بھائیوں کیلئے پرنٹنگ میٹریل باہر بھجوانے کی سہولت

ایڈریس: احسان منزل فسٹ فلور رائل پارک لاہور فون/فیکس: 6369887
E-mail: silverlp@hotmail.com

اٹالین آئسکریم

قلفہ' مینگو' پستہ' سٹرابری' اور پائن ایپل کا منفرد ذائقہ
عید کے موقع پر خصوصی پیک

صبا فاسٹ فوڈ
ریلوے روڈ ربوہ فون 211638
فون گھر 211193

ہمارا نصب العین۔ دیانت۔ محنت۔ عمل پیہم

ہیون ہاؤس پبلک سکول رجسٹرڈ دارالصدر غربی ربوہ

نرسری تا ہشتم۔ مکمل انگلش میڈیم
یکم مارچ سے نئے داخلے اور کلاسز شروع
انگریزی زبان میں تدریسی ماحول اور گفتگو کا خاص اہتمام

اپنے بچوں کی مضبوط تعلیمی بنیاد اور کامیاب تعلیم و تربیت کے لئے خاص طور پر ہماری مثالی نرسری اور پریپ کلاسز سے فائدہ اٹھائیں

پرنسپل پروفیسر راجا نصراللہ خان۔ فون نمبر 211039

چوہدری اسٹیٹ ایجنسی
10۔ کمیٹی مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ
فون دوکان 212508 رہائش 212601

Sun Java Certification

I.I.T' ماہر Instructor کی نگرانی میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی کمپیوٹر پروگرامنگ Java کی ٹریننگ اور Certification کورس کا آغاز

تعارفی کلاس: 4 مارچ بروز اتوار 6:30 شام

I.I.T 6/50 Darul-uloom wasti
Rabwah Ph:211629

جدید ماڈل کمبائن ہارویسٹرز
S-1550-T-C-54 (اب ربوہ میں)
گندم مونجی کی اعلیٰ اور معیاری کٹائی کے لئے رابطہ کریں۔
چوہدری آصف ادریس۔ چوہدری واصف نفیس

شہاب رائس ملز ربوہ
04524-212464-214465-320- 4465163

We Save Your Appliances

UNIVERSAL STABILIZERS

VOLTAGE STABILIZERS/REGULATORS



PEACE is the need of the day and the UNIVERSAL® Stabilizer provides it

Voltage Stabilizers/Regulators for Refrigerator, Freezer, Computer, Fax, Dish Antenna, Photocopier, Air Conditioner and Home appliances
(Also available in time delay and auto cutoff models)

®TMRegd#113314, 77396 D Design Regd#6439 © Copy Right:4851,4938,5562,5563,5775

Dealer: HASSAN TRADERS RABWAH


CPL No. 61